# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: | یونٹ:2 | جماعت:سوم | مضمون:اُردو |
| ہفتہ:4 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | | سبق کا نام:کامیابی کا راز | |

**مقاصد:** متن کو درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔
الفاظ کے معانی لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مار کر / چاک، کڈز اردو جماعت سوم کی کتاب۔ بچوں کے ناموں کی پرچیاں، ٹوکریاں، چارٹ پیپر کے بنے ہوئے پھول اور پتوں

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے اس کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- چار چار بچوں کے گروہ بنا دیں۔
- بچوں سے پوچھیں: پاکستان کن کی کوششوں سے بنا؟
- پاکستان کے بانی کا نام بتائیں؟

**تدریسی طریقہ کار:** (منٹ20)

- بچوں سے کہیں کہ کتاب کا صفحہ نمبر 44 کھولیں اور موضوع سے متعلق بات چیت کریں۔
- بچوں کو سبق "وطن پیارا پاکستان" کے "تلفظ سیکھیں" کے الفاظ کی بار بار پڑھائی کروائیں۔
- اس کے بعد ان ہی الفاظ پر مشتمل کاغذی پرچیاں بچوں میں تقسیم کر دیں، باری باری ہاتھ بلند کروا کر ان الفاظ کی خواندگی کروائیں۔
- درست تلفظ کی ادائی کرنے والے بچوں کو شاباش دیں۔ آخر میں ایک بار استاد خود ان الفاظ کو بلند آواز میں درست تلفظ سے ادا کریں۔
- سبق کے متن کی چند لائنوں کو پہلے خود درست تلفظ سے پڑھ کر سنائیں۔
- اس دوران بچوں کو ہدایت کریں کہ وہ آپ کے پڑھائے گئے متن کو غور سے سنیں۔
- اس کے بعد بچوں کے ناموں کی پرچیاں تیار کر لیں۔
- اب پرچی پر جس بچے کا نام نکلے گا وہ سبق کی دو لائنیں پڑھے گا۔
- سبق سنتے ہوئے اس بات کا دھیان رکھیں کہ بچے درست تلفظ کے ساتھ سبق پڑھ رہے ہیں۔
- اگر پرچی پر اُس بچے کا نام نکلے جس کو پڑھنے میں دقت پیش آ رہی ہے اور وہ پڑھنے میں جھجک بھی محسوس کر رہا ہے، اس کو خاص توجہ دیں۔

- پاس بٹھا کر پیار کے ساتھ اس کی اصلاح کریں، تا کہ بچے کی جھجک بھی ختم ہو جائے۔
- اب ایک ایک پرچی نکالتے جائیں اور بچوں سے پڑھائی کرواتے جائیں۔
- متن کی پڑھائی کے آخر میں بچوں سے متن سے متعلق سوالات کریں تا کہ بچوں کی فہم کا جائزہ لیا جاسکے۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 44 پر موجود مشق پر موجود دئیے الفاظ کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے بچوں کو بتائیں کہ ہر لفظ کا کوئی نہ کوئی مطلب ہوتا ہے۔
- الفاظ اور ان کے معانی کو چارٹ پیپر کے بنے ہوئے پھول اور پتوں پر لکھ لیں۔
- الفاظ کو پھولوں اور معانی کو پتوں پر لکھ لیں۔ جماعت کے بچوں میں یہ پھول اور پتے تقسیم کر دیں۔
- اب اِن پتوں اور پھولوں کی مدد سے الفاظ، معانی کو شناخت کروانے کی سرگرمی کروائیں۔
- باری باری پھولوں والے بچے اپنا اپنا لفظ بتائیں اور جن بچوں کے پاس ان کے معنی والے پتّے ہوں وہ ان کے پاس جا کر کھڑے ہو جائیں۔
- اب استاد ان پھولوں اور پتوں کو بچوں کی مدد سے بورڈ پر ٹیپ کی مدد سے چسپاں کر دیں۔
- اس سرگرمی کے تحت تمام الفاظ معانی کے جوڑے بنائیں اور بعد ازاں انھیں بورڈ پر لکھتے جائیں۔
- اس دل چسپ سرگرمی سے بچوں کو الفاظ معانی جلدی اور آسانی سے یاد ہو جائیں گے۔ اس کے بعد کتاب کا کام مکمل کروائیں۔

**اعادہ:**(3 منٹ) بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:**(5 منٹ) بورڈ پر سبق میں موجود مشکل الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کی پڑھائی کروائیں۔

**گھر کا کام:**(2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی پڑھائی کر کے آنی ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام: کامیابی کا راز | |

**مقاصد:** سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

درست جوابات کے گرد دائرہ لگا سکیں۔

غلط درست فقرات کی نشان دہی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ / مارکر، چاک، کلڈزار دو کتاب سوم، گتے کا بنا پہیا، سوالات کی پرچیاں، کارڈز، جملوں کی پرچیاں، پلاسٹک کی تھیلیاں

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے اس کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کے سامنے میز پر گتے کا بنا ہوا پہیا اس طرح سے رکھیں کہ بچے اسے آسانی سے دیکھ سکیں۔
- پہیا آسانی سے گھوم سکتا ہو اور اس پر چار ڈبے بنے ہوں جن میں ایک تا چار نمبر لکھے ہوئے ہوں۔
- اب میز پر پہیے کے پاس ایک ٹوکری رکھیں جس میں سبق "گداگری معاشرتی مسئلہ" میں سے کوئی سے چار سوالات پرچیوں پر لکھے ہوئے ہوں اور ان کی باہر کی جانب ایک تا چار نمبر لکھے ہوئے ہوں۔
- پرچیوں کے ایک طرف سوال اور دوسری طرف نمبر لکھے ہوئے ہوں۔ پرچیاں بند کر دیں۔
- اب کمرہ جماعت میں سے کسی ایک بچے کو بلائیں۔ اسے کہیں کہ وہ پہیا گھمائے۔ پہیا گھومتا ہوا جس نمبر پر رکے گا، بچے کو اس نمبر کی پرچی دیں۔
- بچہ اس پر لکھا ہوا سوال پڑھے گا اور اس کا جواب بتائے گا۔
- اس طرح یہ سرگرمی جماعت کے باقی بچوں سے باقی پرچیوں پر بھی کروائیں۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوا کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)

- اب بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کاپیاں کھولیں اور سوال نمبر 1 کے تحت دیے ہوئے سوالات اور ان کے جوابات بورڈ سے دیکھ کر کاپیوں میں لکھیں۔ اس دوران میں کمرہ جماعت میں گھوم پھر کر ان کے کام کا جائزہ لیتے رہیں اور ان کی رہنمائی کریں۔
- کتاب کے صفحہ 83 پر موجود سوال 2 کے تحت دیے ہوئے جملوں کی پرچیاں بنائیں۔ 6 کارڈ لیں، جن پر تین ممکنہ جوابات لکھے ہوں، جن میں سے دو غیر متعلقہ اور ایک جواب درست ہو۔ ایک جملے کے چار کارڈ اس طرح سے کل 24 کارڈ بنائیں۔

- یہ کارڈ اور جملوں کی پرچیاں پلاسٹک کی تھیلیوں میں اس طرح سے ڈال دیں کہ ایک تھیلی میں ایک جملے اور اس سے متعلقہ ممکنہ جوابات کے کارڈ ہوں۔
- بچوں کو 5 گروہوں میں تقسیم کریں اور انھیں یہ پلاسٹک کی تھیلیاں دے دیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ تھیلیاں کھول کر ان میں سے جملوں کی پرچیاں اور ممکنہ جوابات کے کارڈ نکالیں۔
- پھر سبق کے مطابق درست جواب کی نشان دہی دائرہ لگا کر کریں۔
- ہر گروہ کو مخصوص وقت دیں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ کتاب پر دیا ہوا سوال نمبر 3 بورڈ سے دیکھ کر حل کریں۔ اس دوران میں ان کی رہنمائی کریں۔
- اگلی سرگرمی کے لیے بچوں کے پانچ گروہ بنا دیں۔ ہر گروہ کو مشق کے سوال نمبر 3 میں دیے گئے جملوں کے کارڈ بنا کر دیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ کارڈ پر لکھے ہوئے جملے پڑھیں، اور ان کے غلط اور درست ہونے کی نشان دہی کریں۔ اس کے لیے انھیں چند سیکنڈ کا وقت دیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر تفہیم کے سوال نمبر 1 میں دیے گئے سوالات لکھ کر ان کے نیچے جوابات لکھنے کی جگہ خالی چھوڑ دیں۔ مختلف بچوں کو باری باری بلا کر ان سے ان سوالات کے جوابات بورڈ پر لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) سوالات کے جوابات دہرا کر آئیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام: کامیابی کا راز | |

**مقاصد:** کہانی کے اہم نکات سنا سکیں۔

سبق میں سے چار یا پانچ حرفی الفاظ کی تلاش کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو سوم"، باجا، چوکور ڈبّا، بادل اور دھنک پر مبنی پرچیاں

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے اس کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں سے گزشتہ روز کے کام کے بارے میں دریافت کریں۔ بچوں کو بتائیں کہ آج ہم ایک دل چسپ سرگرمی کے ذریعے سے اپنے کام کا آغاز کریں گے۔
- اس سرگرمی کے لیے ایک چوکور ڈبّا جماعت میں آنے سے پہلے تیار کر لیں۔
- ڈبے کی چارواں اطراف میں رنگ برنگا کاغذ چڑھالیں۔ ڈبے کی چاروں اطراف میں کاغذ کی چھوٹی چھوٹی جیبیں بھی بنا دیں۔ سبق میں سے چار سوالات کی پرچیاں بنائیں اور وہ ان جیبوں میں ڈال دیں۔ مگر جیبوں میں ڈالنے سے پہلے پرچیوں کو بند ضرور کر دیں۔
- بچوں کے چار گروہ بنا دیں۔ ہر گروہ میں سے باری باری ایک ایک بچے کو بُلائیں اور انھیں ڈبّا ایسے گھما کر زمین پر لڑھکانے کو کہیں جیسے پاسا پھینکا جاتا ہے۔ پھینکے جانے پر ڈبّے کی جو جیب اُوپر کی جانب آئے اُس کی جیب سے پرچی نکالیں اور بچے سے اُس پر لکھے ہوئے سوال کا جواب پوچھیں۔
- درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلط جواب پر دوسرے گروہ کے بچے کو اس کا موقع دیں۔ اس طرح یہ سرگرمی باقی گروہ کے بچوں سے بھی کروائیں۔ جو گروہ زیادہ سوالات کے درست جوابات دے گا، وہ فاتح قرار دیا جائے گا۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)

- اب جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کر دیں اور ہر گروہ کو ایک مخصوص نام دیں۔
- اس مقصد کے پیشِ نظر بچوں کی تعداد کے مطابق الفاظ بادل اور دھنک پر مبنی پرچیاں بنائیں اور بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔ باری باری جماعت کے تمام بچوں کو ایک ایک پرچی اُٹھانے کے لیے کہیں۔ جس بچے کے ہاتھ میں جو پرچی آئے اور اس پر جو لفظ لکھا ہو، وہ اس گروہ کا رکن بنتا جائے گا۔
- بچوں کو متعلقہ گروہوں میں ایک ساتھ بٹھا دیں۔

- بچوں کو ایک بار سبق کا مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔ اب بچوں سے کہیں کہ آپ انھیں سبق سنائیں گے / گی۔ انھوں نے سبق غور سے سننا ہے اور پھر اس کے اہم نکات سنانے ہیں۔ بچوں کو سبق پڑھ کر سنائیں۔
- بچوں سے کہیں کہ سبق سننے کے بعد ان کے ذہن میں جو جو اہم نکات آئے ہیں، انھیں اپنے ساتھ والی نشست پر بیٹھے ہوئے ساتھی کو بتائیں اور اس کے اہم نکات بھی اس سے سنیں۔ اب جوڑیوں کی صورت میں بچے اپنے اپنے اہم نکات جماعت کے ساتھیوں کو سنائیں۔
- اس دوران میں استاد بچوں کے بتائے ہوئے اہم نکات کو بورڈ پر نوٹ کرتے جائیں۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔

- بچوں کے مختلف گروہ بنادیں اور ہر گروہ میں سے دو دو بچوں کو بلالیں۔
- اب بچوں کے ساتھ میوزیکل چیئر والی گیم کھیلیں۔ جماعت میں ایک طرف چند کرسیاں دائرے میں رکھ دیں اور بچوں کو ان کے پاس کھڑا ہونے کی ہدایت دیں۔ بچوں کی نسبت ایک کرسی کم ہو۔
- اب گھنٹی بجانا شروع کریں اور بچوں کو کرسیوں کے ارد گرد گھومنے کے لیے کہیں۔ اچانک گھنٹی بجانا بند کر دیں۔
- آواز بند ہوتے ہی بچے تیزی سے کرسیوں پر بیٹھیں گے۔ جو بچہ کھڑا رہ جائے، اس سے سبق میں سے چار اور پانچ حرفی الفاظ سنیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی کریں اور غلطی کی صورت میں اس بچے کے گروہ کے کسی اور بچے کو بتانے کا موقع دیں۔
- اس کے ساتھ ہی پھر ایک کرسی کم کر دیں اور کھیل دوبارہ شروع کریں۔
- اس طرح سے یہ سرگرمی اس وقت تک کریں، جب تک آخر میں ایک کرسی اور ایک بچہ نہ رہ جائے۔ جیتنے والے بچے کے گروہ کو کوئی انعام دیں۔

**اعادہ:** (3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5منٹ) کچھ بچوں سے سبق کے اہم نکات سنیں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) پڑھائے گئے سبق کی دہرائی کریں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: کامیابی کا راز | |

**مقاصد:** اسم معرفہ اور اسم نکرہ کی تعریف کر سکیں۔
کہانی کا اختتام تبدیل کر کے لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مار کر / چاک، کتاب "اردو سوم" ، تصویری کہانی کے فلیش کارڈز، کامیابی کا راز" کی تصویری پر چیاں، گلو اور سادہ کاغذ

## تحریکی سر گرمی: (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب بورڈ پر قائد اعظم خانہ کعبہ، قرآن مجید کی تصویریں باری باری چسپاں کریں اور بچوں سے ان کے نام پوچھیں اور لکھیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ جیسے آپ کا اور میرا نام ہے اسی طرح ہر چیز کا نام ہوتا ہے جسے اسم کہا جاتا ہے۔ کسی خاص شخص، خاص جگہ یا خاص چیز کا نام "اسم معرفہ" کہلاتا ہے، جیسے: لاہور، کراچی، احمد وغیرہ۔
- اب بورڈ پر درج ذیل جملے لکھیں۔
  - ✓ کتاب ہماری بہترین دوست ہے۔
  - ✓ باغ میں پھول کھلے ہیں۔
- بچوں کو جملے پڑھنے کے لیے کہیں۔ بچوں کو بتائیں کہ اوپر دیے ہوئے دونوں جملوں میں الفاظ "کتاب، دوست، باغ، پھول، اسم نکرہ ہیں۔ بچوں کو بتائیں کہ کسی عام شخص، جگہ اور چیز کا نام اسم نکرہ کہلاتا ہے۔ مثلاً شہر، لڑکا، کار وغیرہ۔ بچوں کو بتائیں کہ اسم نکرہ کو اسم عام اور اسم معرفہ کو اسم خاص بھی کہتے ہیں۔ مختلف مثالوں کے ذریعے سے ان کی وضاحت کریں۔
- بچوں کو بتائیں کہ آج اسم معرفہ اور نکرہ کو شناخت کرنے کی سر گرمی کریں گے۔
- اب بورڈ پر تین کالم بنا کر ایک میں الفاظ، دوسرے میں اسم معرفہ اور تیسرے میں اسم نکرہ کی سرخی لکھ دیں۔ الفاظ والے کالم میں سوال نمبر 9 کے تحت دیے گئے الفاظ لکھ دیں۔ اب لفظ "سندھ" بولیں اور بچوں سے پوچھیں کہ یہ اسم معرفہ ہے یا نکرہ؟ بچوں کے جوابات لیں۔ اب لفظ سندھ اسم معرفہ والے کالم میں لکھیں اور پڑھائیں۔ اس طرح سے یہ سر گرمی باقی الفاظ پر کروائیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (20منٹ)

- بچوں کے چار گروپ بنا دیں۔ تختۂ تحریر پر کسی تصویری کہانی کے فلیش کارڈز چسپاں کر دیں۔
- بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ ہر تصویر سے متعلق ایک ایک جملہ بتائیں۔ بچوں کا بتایا گیا ایک ایک جملہ ہر تصویر کے نیچے لکھ دیں۔
- اب بچوں سے کہیں وہ آپس میں بات چیت کریں کہ اس کہانی کا کیا انجام ہو گا؟ بچوں کو آپس میں بات چیت کرنے کے لیے کچھ وقت دیں۔

- وقت مکمل ہونے پر ہر گروپ سے کہانی کا انجام پوچھیں۔ بچوں کے بتائے گئے جملے تختۂ تحریر پر لکھ دیں۔
- اب کہانی کا آخری فلیش کارڈ چسپاں کریں اور بچوں کو اس کہانی کا انجام بتائیں۔
- بچوں سے کہیں کہ جس طرح آپ نے اس کہانی کے مختلف انجام بتائے ہیں۔ اسی طرح آپ کو کہانی "کامیابی کا راز" کا انجام بدل کر اپنے لفظو ں میں یہ کہانی لکھنی ہو گی۔
- ہر گروپ میں کہانی "کامیابی کا راز" کی تصویری پرچیاں، گلو اور سادہ کاغذ تقسیم کریں۔
- بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ پرچیوں کو ترتیب سے چسپاں کر کے کہانی اپنے الفاظ میں لکھیں۔
- نیز اس کہانی کا انجام جو آپ نے سبق میں پڑھا ہے بدل دیں۔ اس سرگرمی کے لیے بچوں کو کچھ وقت دیں۔
- اس دوران میں بچوں کو جہاں مدد اور رہنمائی کی ضرورت ہو، انھیں فراہم کریں۔
- وقت مکمل ہونے پر ہر گروپ سے باری باری ان کی لکھی گئی کہانی پڑھوائیں۔ گروپ کا ہر بچہ لکھی گئی کہانی کے چند جملے پڑھے گا۔ کہانی کا بہترین انجام لکھنے والے گروپ کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- بچوں سے یہ صفحات لے کر تختۂ تحریر پر چسپاں کر دیں اور پھر باری باری ہر ایک کہانی جماعت میں بلند آواز سے پڑھ کر سنائیں۔
- بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ آپس میں بات چیت کریں اور اس کہانی کا عنوان "کامیابی کا راز" کی بجائے کوئی اور نام تجویز کریں۔ بچے اس کہانی کے جو مختلف نام بتائیں۔ انھیں تختۂ تحریر پر ساتھ ساتھ لکھیں۔ کہانی کا سب سے بہتر نام بتانے والے بچے کے لیے تالیاں بجوائیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) کچھ بچوں کو کہانی "کامیابی کا راز" اپنے الفاظ میں سنانے کے لیے کہیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) کہانی "کامیابی کا راز" کا انجام تبدیل کر کے کہانی اپنے الفاظ میں لکھیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: | یونٹ:2 | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:4 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | | سبق کا نام: کامیابی کا راز | |

**مقاصد:** دیئے گئے موضوع پر جملے لکھ سکیں۔

چارٹ پر ٹیلی وژن کے فائدے اور نقصان لکھ کر کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو سوم" ، سیٹی، سادہ شیٹیں، مارکر

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں۔ بچوں کو السّلام علیکم کہیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔ گزشتہ روز کے کام کے بارے میں دریافت کریں۔
- اب بچوں کے ساتھ ذہنی آزمائش کا کھیل کھیلیں۔ سبق سے متعلق سوالات پر مبنی پرچیاں تیار کرلیں۔
- بچوں کے دو گروہ بنادیں اور ہر گروہ کو ایک ایک سیٹی دے دیں۔
- اب پرچیوں میں سے کوئی پرچی کھول کر اس پر لکھا ہوا سوال پوچھیں۔ جو گروہ پہلے سیٹی بجائے، اسے جواب دینے کا موقع دیں۔
- ایک سوال کا درست جواب دینے کے دو نمبر ہیں۔ درست جواب دینے کی صورت میں اس گروہ کو دو نمبر مل جائیں گے اور غلطی کی صورت میں کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔ آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ جیت جائے گا۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)

- اب بچوں سے پوچھیں کہ کیا وہ وقت کی قدر کرتے ہیں؟ ان سے جوابات لیں۔
- انہیں بتائیں وقت ایک بیش قیمت خزانہ ہے۔ ہمیں اس کی قدر کرنی چاہیے۔
- بورڈ پر لکھیں "ہم وقت کی قدر کیسے کر سکتے ہیں؟"
- بچوں سے کہیں کہ وہ آپس میں بات چیت کریں اور ہر گروپ سوال سے متعلق دس جملے لکھے۔
- اس سرگرمی کے لیے بچوں کو کچھ وقت دیں۔ اس دوران میں جماعت میں گھوم کر جائزہ لیں۔
- بچوں کو جہاں مدد اور رہنمائی کی ضرورت ہو، فراہم کریں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے بچوں کو بلائیں اور انھیں اپنے لکھے ہوئے جملے پڑھ کر سنانے کے لیے کہیں۔

| |
|---|
| • درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی پر اصلاح کریں۔ مشکل الفاظ ساتھ ساتھ بورڈ پر لکھ کر بچوں سے ان کی خواندگی بھی کرواتے جائیں۔ اس دوران میں ہونے والی اغلاط یا جن الفاظ کا بچے غلط تلفظ ادا کریں، ایک صفحے پر نوٹ کرتے جائیں۔ اسی طرح سے یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔<br>• بعد ازاں نوٹ کیے گئے الفاظ بچوں سے درست تلفظ کے ساتھ دو سے تین بار پڑھوائیں۔ درست جملے لکھنے والے گروہ کو کو شاباش دیں۔<br>• ہر گروپ سے یہ سرگرمی کروانے کے بعد تمام گروپوں سے ان کے لکھے گئے جملوں کے صفحات لیں اور تختۂ تحریر پر چسپاں کریں۔ پھر کانٹ چھانٹ کر کے کوئی سے دس موزوں جملے درست ترتیب کے ساتھ تختۂ تحریر پر لکھیں۔ دو یا تین بچوں سے باری باری ان جملوں کی بلند خوانی کروائیں۔<br>• بچوں کے دو گروہ بنائیں۔ ہر گروہ کو چارٹ پیپر اور مار کر دیں۔<br>• انہیں کہیں کہ آپس میں بات چیت کریں اور ٹیلی وژن دیکھنے کے کوئی سے پانچ فائدے اور نقصان لکھیں۔ اس کام کے لئے انہیں وقت دیں۔ مقررہ وقت کے بعد ان کے لکھے جملے چیک کریں اور بہترین لکھے جملوں کو کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) مختلف بچوں سے "وقت کی قدر" سے متعلق جملے بورڈ پر لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کیے گئے کام کی دہرائی کرنی ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | سبق کا نام: پیارا وطن (نظم) | |

**مقاصد:** نظم درست تلفظ، لے، آہنگ اور روانی سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، تختہ تحریر، کتاب "اردو سوم"، نظم میں موجود مشکل الفاظ کے کارڈ، ٹوکری، تصویریں، سادہ شیٹیں، گلو

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں اور پر جوش آواز میں بچوں کو السلام علیکم کہیں اور اُن کا حال دریافت کریں۔
- بچوں کے 2 گروہ بنادیں۔ قومی پرچم کی تصویریں لیں۔
- انھیں درمیان میں سے کاٹ کر چار برابر حصوں میں تقسیم کرلیں۔ پلاسٹک کی تھیلیوں میں تصویروں کے ٹکرے، گلو اور سادہ شیٹیں ڈال دیں۔ بچوں کو یہ تھیلیاں دے دیں۔ ایک گروہ کے حصے میں ایک تھیلی اور ایک تصویر کے ٹکڑے آئیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ تھیلی کھول کر اس میں سے تصویر کے ٹکڑے نکال کر انھیں سادہ شیٹ پر درست ترتیب سے چسپاں کرکے تصویر مکمل کریں اور پھر اس کے بارے میں دو سے تین جملے سوچیں۔ اس کے لیے انھیں وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے بچے کو بلائیں۔ اسے تصویر بورڈ پر چسپاں کرکے اس کا نام اور اس کے بارے میں دو سے تین جملے بولنے کے لیے کہیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- مختلف سوالات کی مدد سے بچوں کو پڑھائی کے لیے آمادہ کریں۔ جیسے:
- اپنے وطن کی خوبصورتی کے بارے میں دو جملے بتائیں۔
- بچوں کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم پیارا وطن (نظم) پڑھیں گے۔




- نظم کے آغاز سے پہلے ایک سر گرمی کریں۔ بچوں کے سامنے میز پر ایک ٹوکری میں نظم میں موجود مشکل الفاظ کے کارڈ الٹا کر رکھ دیں، جن کی پشت پر ایک تا چھ نمبر لکھے ہوں۔
- ٹوکری کے پاس پاسا (لڈو کا دانہ) رکھ دیں۔ کچھ بچوں کو باری باری بلائیں اور انھیں لڈو کا دانہ زمین پر لُڑھکانے کو کہیں۔ جو نمبر آئے، اس نمبر والا کارڈ ٹوکری میں سے نکالیں اور بچے سے متعلقہ لفظ درست تلفظ کے ساتھ پڑھنے کو کہیں۔ درست پر حوصلہ افزائی اور غلط پر اصلاح کروائیں۔
- اس طرح یہ سر گرمی مختلف بچوں سے باقی الفاظ پر بھی کروائیں۔ اس کے بعد ان الفاظ کے کارڈ کو لفظی دیوار پر چسپاں کر دیں۔
- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 91 کھلوائیں۔ بچوں سے اس پر بنی ہوئی تصویر کے بارے میں مختلف سوالات کریں۔
- اب نظم کی بلند خوانی پہلے خود کریں۔ ہر مصرع درست تلفظ اور ترنّم سے پڑھیں نیز پڑھتے ہوئے تاثرات کا خصوصی خیال رکھیں۔ مشکل الفاظ ساتھ ساتھ تختہ تحریر پر لکھ کر ان کا درست تلفظ اور مفہوم بتائیں۔ ہر شعر کی پڑھائی کے ساتھ ساتھ بچوں کو اس کا مطلب بھی آسان الفاظ میں بتاتے جائیں۔
- بچوں کے 5 گروہ بنا دیں۔ اب 5 پرچیاں بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈالیں، جن پر 1 تا 5 نمبر لکھے ہوں۔ وہ ٹوکری باری باری ہر گروہ کے سامنے کریں اور انھیں اس میں سے کوئی سی ایک پرچی اٹھانے کے لیے کہیں۔ جس گروہ کے پاس جس نمبر کی پرچی آئے گی، وہ گروہ نظم کے اسی شعر کی بلند خوانی کرے گا۔
- اب ہر گروہ کا ایک ایک بچہ باری باری انھیں تفویض کردہ دو اشعار پڑھے گا اور دوسرے گروہوں کے بچے دھیان سے سنیں گے۔ جہاں اس بچے کو کوئی لفظ پڑھنے میں دقّت پیش آ رہی ہو گی تو اس کی اساتذہ رہنمائی کریں گے۔
- اس کے علاوہ خیال رکھیں کہ بچے نظم کو نظم کے انداز میں پڑھیں نہ کہ نثر کے انداز میں۔ پڑھنے کے دوران میں جن الفاظ کا بچے غلط تلفظ ادا کریں، وہ تختہ تحریر پر لکھتے جائیں اور جب بچہ شعر مکمل کر لے تو اس کی اصلاح کریں۔
- دورانِ پڑھائی میں کی جانے والی غلطیوں پر بچوں کو ٹوکا نہ جائے۔ اس سے بچے اپنی خود اعتمادی کھو دیتے ہیں اور جماعت کی سر گرمیوں میں حصہ لینے پر جھجک محسوس کرتے ہیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) پڑھائے گئے سبق سے متعلق بچوں کے فہم کا جائزہ لینے کے لیے ان کے دو گروہ بنا دیں۔ دونوں گروہوں کو نظم میں آنے والے مشکل الفاظ کے کارڈ اس طرح سے دے دیں کہ دونوں گروہوں کے پاس الفاظ کی تعداد ایک جیسی ہو۔ اب ایک گروہ کارڈ پر لکھا ہوا لفظ پڑھے اور دوسرا گروہ اس کا معانی بتائے اور وہ لفظ نظم کے جس مصرعے میں آیا ہو اس مصرعے کی بھی بلند خوانی کرے۔ درست معانی بتانے اور مصرع پڑھنے

| |
|---|
| کی صورت میں اس گروہ کو دو نمبر ملیں گے۔ اس طرح یہ سرگرمی دونوں گروہوں سے باقی الفاظ پر بھی کروائیں۔ جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے وہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) نظم کی پڑھائی کر کے آئیں۔ |